صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 23 ستمبر 2016ء بمطابق 20 ذو الحجہ 1437 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَانِ الرَّحِيمِ۔

الرَّحْمَانُO عَلَّمَ الْقُرْآنَO خَلَقَ الْإِنسَانَO عَلَّمَهُ الْبَيَانَO الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍO وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِO وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَO أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِO وَأَقِيمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيزَانَO وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِO فِيهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ۔

(ترجمہ): (خدا جو) نہایت مہربان۔ اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ اسی نے اس کو بولنا سکھایا۔ سورج اور چاند ایک حساب مقرر سے چل رہے ہیں۔ اور بوٹیاں اور درخت سجدہ کر رہے ہیں۔ اور اسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔ کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو۔ اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو۔ اور تول کم مت کرو۔ اور اسی نے خلقت کیلئے زمین بچھائی۔ اس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں۔ (صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيم)۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ ٱشۡرَحۡ لِي صَدۡرِيO وَيَسِّرۡ لِيٓ أَمۡرِيO وَٱحۡلُلۡ عُقۡدَةٗ مِّن لِّسَانِيO يَفۡقَهُواْ قَوۡلِي۔ Today before I start۔

جناب سردار حسین: جی کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی کورم۔

جناب سردار حسین: آپ کی بات صحیح ہے کہ کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کاؤنٹ کریں ذرا پلیز، عنایت پلیز، تا سو کبنیئ۔ Bell for two minutes please

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Madam Deputy Speaker: Please, no cross talks please. Quorum is complete, so we start.

(Applause)

Madam Deputy Speaker: So, first of all, I want to welcome the FATA Youth Assembly, under the leadership of Mehreen Afridi, they are 45 people here and this is the first kind in FATA, you most welcome them where you are sitting.

(Applause)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: "کوئسچنز آور" شروع کرتے ہیں بعد میں یہ۔ جی نجمہ شاہین بی بی، محترمہ نجمہ شاہین بی بی۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

* 3475 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کوہاٹ میں واٹر سپلائی سکیمیں موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہاٹ کی کارآمد اور ناکارہ سکیموں کی الگ الگ حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں کل 101 سکیمیں ہیں جن میں حلقہ PK-37 میں 32 سکیمیں حلقہ PK-38 میں 18 سکیمیں اور حلقہ PK-39 میں 32 سکیمیں فعال ہیں جبکہ 13 سکیمیں ناکارہ ہیں۔ان ناکارہ سکیموں میں سے حلقہ PK-37 میں 6 عدد اور حلقہ PK-38 میں 3 عدد اور حلقہ PK-39 میں 4 سکیمیں غیر فعال ہیں جو کہ مختلف وجوہات کی بناء پر بند ہیں۔(کار آمد اور ناکارہ سکیموں اور ان کی وجوہات کی حلقہ وائز تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ محترمہ سپیکر صاحبہ، سوال نمبر ہے 3475۔ یہ کوئسچن میرا پہلے بھی پینڈنگ ہو چکا ہے اور آج بھی منسٹر صاحب نے مجھ سے بات کی ہے، اس سلسلے میں کہ یہ، اور ویسے بھی اس کی جو ڈیٹیل بتائی گئی ہے، وہ نامکمل ہے تو انہوں نے مجھے کہا ہے کہ میں اس کی خود ہی باقاعدہ انکوائری کروں گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تو اس کو، آپ کو ہوم ورک کیلئے کہا ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: ہاں جی، تو انہوں نے، میں ان سے یہ ایک ریکویسٹ کروں گی کہ اس کی باقاعدہ انکوائری کروائیں اور اس کے بعد مجھے ڈیٹیل دی جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، آپ کی میٹنگ میری چیمبر میں ہوئی تھی تو I know تو آپ کچھ ہوم ورک کریں گے پھر دوبارہ آئے گی۔

محترمہ نجمہ شاہین: جی اوکے، میڈم۔

Madam Deputy Speaker: You want to answer it, okay, Shah Farman Sahib, Shah Farman Sahib.

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ): میڈم سپیکر! یہ جو آنریبل ممبر صاحبہ سوال لیکر آئی ہیں، میں نے ان کے ساتھ ڈسکس بھی کیا ہے اور اس جواب میں ڈیپارٹمنٹ نے یہ لکھا ہے کہ اس حلقے میں اتنے ٹیوب ویلز خراب ہیں اور اتنے ٹھیک ہیں، تو میں نے میڈم کے ساتھ ڈسکس کر کے ڈیپارٹمنٹ کو یہ لکھا ہے کہ آپ نے صرف نمبر نہیں بتانے ہیں، آپ نے لوکیشن بھی بتانی ہے اور سکیم کا نام بھی بتانا ہے اور پھر میڈم کے ساتھ بیٹھ کے وہ چیک کرے گی، اگر غلط بیانی کی گئی ہے تو اس کے اوپر انکوائری ہو گی ان شاءاللہ۔

Madam Deputy Speaker: Najma Bibi, okay, next Question is Sardar Nalotha Sahib and Question No. 3780 پلیز نلوٹھا صاحب! یہ کوسچن ذرا بولا کریں، یہ ذرا پھر

اسمبلی کے اس میں ریکارڈ ہو رہا ہے، ہاں۔

* 3780 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تمام سرکاری کالونیوں کی دیکھ بھال اور مرمت PBMC کا کام ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کب تک گلشن رحمان کالونی کی سڑکیں تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) گلشن رحمان کالونی کی سڑکوں کی تعمیر نو کیلئے مبلغ 96 لاکھ 95 ہزار لاگت کا پی سی ون 15-2014 میں تیار کر کے منظور کروایا گیا جس کا ٹینڈر مورخہ 2015-02-12 کو کیا گیا اور سکیم جون 2015 میں مبلغ 8710554 روپے میں مکمل کر دی گئی ہے؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: یہ کوسچن نمبر ہے جی 3780، میڈم! جو جواب محکمہ نے دیا ہے، میں نے یقیناً وزٹ تو نہیں کیا ہے، میں منسٹر صاحب سے اتنی بات کروں گا کہ یہ خود جا کے ذرا وزٹ کر لیں، اگر اسمبلی کے دو تین ممبرز ساتھ رکھ لیں تو بہتر ہے ورنہ خود وزٹ کریں اور پھر اس کے بعد پتہ چلے گا کہ واقعی یہ مکمل ہو گیا ہے یا نہیں ہوا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اکبر ایوب صاحب۔

مشیر مواصلات و تعمیرات: جی میڈم سپیکر! جب کام ہو رہا تھا تو اس دوران میں نے وزٹ کیا تھا، دو دفعہ میں گیا تھا تو اس وقت تو کام ٹھیک ہو رہا تھا، جس طرح سردار اورنگزیب خان صاحب کہہ رہے ہیں، میں ان شاءاللہ ایک دفعہ پھر ادھر جا کے میں چکر لگا لوں گا لیکن کام بہت اچھا ہوا ہے، میں نے فوٹو گرافس Finalization کے بعد دیکھے ہیں جی، شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ٹھیک ہے جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے جی،Next one جو ہے کوئسچن، نور سلیم ملک صاحب! کوئسچن نمبر بولیں پلیز۔

* 3795 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں سال 14-2013، 15-2014 اور 16-2015 میں نئے ٹیوب ویلوں کی منظوری ہوئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لکی مروت میں سال 14-2013، 15-2014 میں کتنے ٹیوب ویلوں کی منظوری ہوئی تھی، ان میں کتنے مکمل (کامیاب) اور کتنے ناکام ہوئے، نیز ناکام ہونے کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع لکی مروت میں سال 14-2013, 15-2014 اور 16-2015 میں کل 60 ٹیوب ویلوں کی منظوری ہوئی تھی جن میں سے 31 عدد ٹیوب ویلز مکمل کئے گئے ہیں اور ان سے عوام کو پانی کی ترسیل جاری ہے جبکہ 29 ٹیوب ویلز تکمیل کے مراحل میں ہیں، نیز ان میں سے کوئی بھی ٹیوب ویل ناکام نہیں ہوا ہے۔

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ کوئسچن نمبر 3795۔ میڈم سپیکر! میں نے محکمے سے مختلف جو واٹر سپلائی سکیمز ہیں، دوران 14-2013 اور 15-2014 اور 16-2015 میں جو نئے ٹیوب ویلز کی منظوری ہوئی تھی، اس کے بارے میں پوچھا تھا تو انہوں نے بتایا، محکمے نے کہ ضلع لکی مروت میں سال 14-2013، -2014 15 اور 16-2015 میں ساٹھ Sixty ٹیوب ویلز کی منظوری ہوئی تھی جن میں 31 ٹیوب ویلز مکمل کئے گئے ہیں اور ان سے عوام کو پانی کی ترسیل جاری ہے جبکہ 29 ٹیوب ویلز تکمیل کے مراحل میں ہیں، نیز ان میں سے کوئی بھی ٹیوب ویل ناکام نہیں ہوا۔ میڈم! مسئلہ یہ ہے کہ مقصد پوچھنے کا یہ تھا کہ بہت سارے ایسے ٹیوب ویلز ہیں جو کہ کام نہیں کر رہے ہیں، نئے ٹیوب ویلز ہونے کے باوجود میری خود Personally XEN صاحب سے کئی

دفعہ بات ہوئی ہے، منسٹر صاحب آفس میں کم ہوتے ہیں، مختلف جگہوں پر ہوتے ہیں تو ان سے تو میری بات نہیں ہوئی ہے، بہت سارے ایسے ٹیوب ویلز ہیں جو نئے ٹیوب ویلز کہیں پر کمرہ نہیں بنا تو اس سے ایشو بنا ہوا ہے، کہیں پر مشینری نہیں، کہیں پر ٹرانسفارمر نہیں ہے، انہوں نے تو بڑی آسانی سے لکھ دیا کہ جی 31 ٹیوب ویلز مکمل کر لئے گئے اور ان سے پانی جاری ہے، ایسی صورتحال نہیں ہے، نہ تو انہوں نے ڈیٹیل دی ہے یہاں پہ کہ کونسے ٹیوب ویلز ہیں جو مکمل ہو چکے ہیں اور جن سے پانی کی ترسیل جاری ہے؟ مجھے پتہ ہے، لوگ میرے پاس آتے ہیں، منسٹر صاحب کو تو پتہ نہیں ہوگا میرے حلقے کا کہ وہاں پہ کہاں کہاں موجود نہیں ہیں؟ تو یہ ڈیپارٹمنٹ نے ایک تو یہاں پر صحیح معلومات بھی نہیں دیئے ہیں، دوسری یہ ہے کہ پانچ چھ ٹیوب ویلز ایسے ہیں جن کے نام میں یہاں گنوادوں گا جو نامکمل ہیں، اور 14-2013، 15-2014 اور 16-2015 کی بات تو نہیں کرتا تو اس میں ابھی کام بھی میرے پاس شروع نہیں ہوا ہے، تو میں چاہوں گا کہ یہ کوسچن ریفر ہو جائے 'ٹو دی سٹینڈنگ کمیٹی' تا کہ وہاں پہ ہم پوری ڈیٹیل سے گفتگو کرلیں اور وہاں پہ معاملہ صاف ہو جائے۔ شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان صاحب۔ اوکے، نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم! پورے صوبے میں ایک ٹیوب ویل کے اوپر ایک آپریٹر ہوتا تھا، ایک وال مین ہوتا تھا اور ایک چوکیدار ہوتا تھا، اب صرف ایک آپریٹر کی پوسٹ ہے، نہ اس میں وال مین کی پوسٹ ہے اور نہ ہی چوکیدار کی پوسٹ ہے جس سے آپریٹر جب ٹیوب ویل چلاتا ہے، پھر اسے وال مین والی ڈیوٹی بھی کرنا پڑتی ہے یا مقامی لوگ گاؤں کے لوگ کسی بندے کو رکھ لیتے ہیں تو اس طرح وہ ٹیوب ویل کا نظام سارا درہم برہم ہو گیا، تو میں منسٹر صاحب سے، میرے خیال میں ان کے حلقے میں بھی یہی پوزیشن ہوگی، پورے صوبے کے اندر یہی حالت ہے، اگر منسٹر صاحب اس کے اوپر توجہ دیں اور محکمے کو ہدایت کریں تو اگر چوکیدار کی پوسٹ نہیں بھی ہے تو آپریٹر اور وال مین کی پوسٹ جو ہے یہ ضروری ہوتی ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): میڈم سپیکر! نلوٹھا صاحب نے جو بات کی ہے، Important بات ہے، یہ الگ بات ہے کہ یہ بالکل نیا Topic ہے، نیا کوئسچن ہے، ضمنی اس کا نہیں بنتا لیکن چونکہ Important ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اندر وہ اگر سسٹم نہیں چلتا اور دوسرے بندے کی ضرورت ہے یا تیسرے کی اور آج کل جو ہم سولر سسٹم لگوا رہے ہیں، اس کیلئے بھی میں خود بھی Feel کر رہا ہوں، تو اس کے اوپر بات ہو سکتی ہے۔ اگر فنانس والے اجازت دیں، اس کے اوپر ذرا بیٹھ کے، میں تو یہاں پر تو فیصلہ نہیں کر سکتا لیکن اس کی Analysis کر کے کیبنٹ میں ڈسکس کر کے اس پر بات کی جاسکتی ہے، میں نلوٹھا صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس طرف توجہ دلائی، میں نے جواب اسلئے دیا کہ بہت Important ہے، اسلئے نہیں جواب دیا کہ ضمنی سوال ہے، ضمنی سوال اس کا نہیں بنتا لیکن چونکہ بات اہم ہے، میں نے جواب دے دیا۔ نور سلیم صاحب آپ کا جو سوال ہے، میں اسی طرف، یہ نجمہ شاہین صاحبہ نے جو سوال پوچھا اور جس کا میں نے ان کے ساتھ بیٹھ کے جو حل ڈھونڈا ہے، وہ آپ کیلئے بھی میں ڈیپارٹمنٹ کو یہ آرڈر کرتا ہوں کہ Next Friday تک، یہ جو انہوں نے Statistics دی ہے کہ اتنے ٹیوب ویلز Functional ہیں، Functional tube well کا مطلب یہ ہے کہ وہ پانی دے رہا ہے، Functional tube well کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کے اندر پانی نکل آیا ہے، Functional tube well کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں کو پانی جا رہا ہے، کسی وجہ سے بھی اگر وہ رکے ہوئے ہیں اور مجھے یہ شکایت ملتی ہے کہ کام ہو کے، ٹھیکیدار کام ختم کر کے چھوٹی چھوٹی چیزوں کی وجہ سے وہ Functional نہیں ہو جاتے تو میں سمجھتا ہوں کہ میں یہ ڈیپارٹمنٹ کو آرڈر کرتا ہوں، وہ نوٹ کر لے کہ 31 کونسے وہ ٹیوب ویلز ہیں جو Functional ہیں اور 29 وہ کونسے ہیں Location اور سکیم کے نام کے ساتھ آکے آنریبل ممبر کے ساتھ Coming Friday تک ڈسکس کیا جائے، اگر وہ مطمئن نہ ہوئے تو Definitely ان شاءاللہ اس کو ہم کمیٹی میں بھیج دیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نور سلیم صاحب۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ میڈم سپیکر۔ منسٹر صاحب پتہ نہیں آج شاید کچھ جوش میں ہیں ورنہ آج تک تو انہوں نے کبھی اس قسم کی بات نہیں کی، میرے کچھ ایشوز پہلے بھی تھے، ایسے ہی جس میں بیٹھنے بٹھانے کی باتیں ہوئیں لیکن وہ آج تک پینڈنگ ہیں، امید رکھتا ہوں کہ اس دفعہ محکمہ حقیقت میں اس پر ایکشن لے گا کیونکہ لوگ آتے ہیں اور پانی Available نہیں ہے، میں Functionality کی بات نہیں کر رہا کہ وہاں سے پانی نکل آیا ہے، Actually پانی لوگوں تک پہنچنا چاہیئے، اگر لوگوں تک پہنچ رہا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، یہ ڈیٹیل مجھے بتادیں، Next Friday تک میں مان لیتا ہوں منسٹر صاحب کے ساتھ کہ Next Friday تک جو ہے نا وہ کر لیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ انہوں نے کہہ دیا، اوکے، یس، Next Friday شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میڈم سپیکر! کیونکہ ڈیپارٹمنٹ کے تھرو کوئسچن آنا پھر اسمبلی کے اندر کوئسچن پوچھنا، پھر اسمبلی کے تھرو جواب آنا، میں ڈائریکٹ کر دیتا ہوں ڈیپارٹمنٹ کو کہ نور سلیم صاحب کے ساتھ بیٹھ کے ان کی سنے اور ڈائریکٹ جوابات دے دے، اگر وہ پھر بھی مطمئن نہ ہوئے تو پھر وہ میرے سے بات کر لیں، مجھے امید ہے کہ ڈیپارٹمنٹ Respond کرے گا، نہیں کرے گا تو Action will be taken۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Shah Farman Sahib. Next, again Noor Saleem Khan Sahib.

* 3786 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع لکی مروت میں موجود ریسٹ ہاؤس، بارک مستری کی تفصیل بمعہ رقبہ، کمروں کی تعداد اور تعمیرات پر اٹھنے والے اخراجات کی تفصیل برائے سال 2014-15 فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) محکمہ مواصلات و تعمیرات کا ضلع لکی مروت میں کوئی ریسٹ ہاؤس موجود نہیں ہے۔

مزید یہ کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات کی ایک عدد بلڈنگ پیزو بازار میں واقع ہے جو کہ بارک مستری کے نام سے مشہور ہے۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے ریکارڈ کے مطابق سرکاری زمین کا کل رقبہ پانچ کنال اور سترہ

مرلے پر مشتمل ہے، مذکورہ عمارت میں بجلی کا کنکشن یا میٹر نہیں ہے، سال 15-2014 میں بارک مستری پر ریپئر (Repair) وغیرہ کا کوئی خرچہ نہیں ہوا ہے۔

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو میڈم سپیکر۔ کوسچن نمبر 3786، میڈم! کوسچن پوچھا گیا تھا کہ ضلع لکی مروت میں موجود ریسٹ ہاؤس، بارک مستری کی تفصیل بمعہ رقبہ، زمین، کمروں کی تعداد اور تعمیرات پر اٹھنے والے اخراجات کی تفصیل برائے سال 15-2014 فراہم کی جائے، میڈم! جو محکمے نے جواب دیا ہے، انہوں نے اوپر انکار کیا ہے کہ ضلع لکی مروت میں کوئی ریسٹ ہاؤس موجود نہیں ہے اور ایک اور عمارت ہے، بلڈنگ ہے پیزو بازار میں واقع ہے جو کہ بارک مستری کے نام سے مشہور ہے، ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے ریکارڈ کے مطابق سرکاری زمین کا کل رقبہ پانچ کنال اور سترہ مرلے پر مشتمل ہے، مذکورہ عمارت میں بجلی کا کنکشن یا میٹر نہیں ہے، سال 25-2014 میں بارک مستری پر ریپئر (Repair) کا کوئی خرچہ نہیں ہوا ہے، میڈم! میرے پاس یہ فرد ہے، فرد ملکیت جو کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے حاصل کی گئی ہے، اس میں زمین جو ہے، مقبوضہ بارک مستری کی زمین 178 کنال نو مرلے آ رہی ہے جس میں کچھ روڈ دکھائے گئے ہیں اور بارک مستری جو ریسٹ ہاؤس ہے Actually یہ تو محکمے کو پتہ ہی نہیں تھا کہ ان کا وہاں پر کوئی ریسٹ ہاؤس موجود ہے، شکر ادا کرنا چاہیئے کہ ایم پی ایز موجود ہیں جو محکمے کو یاد دلاتے ہیں کہ وہاں پر ان کی ایک پراپرٹی بھی موجود ہے، اس وقت جو پانچ کنال سترہ مرلے زمیں انہوں نے لکھی ہے جو کہ بارک مستری کی، وہ بھی غلط بیانی سے کام لیا ہے، Actual وہاں پر موجودہ زمیں صرف دو کنال اٹھارہ مرلے موجود ہے، تین کنال اس میں سے بھی قبضہ ہو چکا ہے اور بقایا زمین جو میں نے 178 کنال اور نو مرلے کا ذکر کیا ہے، وہ بھی تمام قبضے کے اندر ہے، یعنی 'انکروچمنٹ' ہے اس کے اوپر، تو محکمے نے کیا ایکشن لیا Against اس کے، یہ بتایا جائے۔ شکریہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اکبر ایوب صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): میڈم سپیکر! میں آنریبل ممبر کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جب یہ سوال میرے سامنے آیا تو آج کل Resource Mobilization کی ایک مہم ہم نے شروع کی ہوئی ہے

صوبے میں، اس کے تحت Different جو Abandoned properties ہیں یا Unused properties ہیں، ان سب کو ہم کمرشلائز کر رہے ہیں، تو میں نے سب سے پہلا سوال ڈیپارٹمنٹ سے یہ کیا کہ جب میں نے List of Assets منگوائی تو اس کے اندر یہ پراپرٹی مجھے نہیں دکھائی گئی تو اسی کے اوپر میں نے ایکسپلینیشن کی Explanation بھی Call کی ہے میڈم سپیکر! اور ابھی تھوڑی دیر پہلے میری آنریبل ممبر سے بات ہوئی، انہوں نے مجھے پیپرز بتائے ہیں تو اس کے اوپر ہم انکوائری بھی مارک کرتے ہیں اور بہت جلد ان شاءاللہ اس پراپرٹی کا، اگر کسی کے پاس اس کا قبضہ ہے یا Encroached ہے، اس Encroachment کو بھی ہٹائیں گے اور ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی کمرشلائزیشن بھی کریں گے اور اس سارے معاملے کو، لیکن اس کے اوپر میڈم! ایک Departmental Inquiry ان شاءاللہ Within a week میں آنریبل ممبر کو اس انکوائری کی رپورٹ ان شاءاللہ دوں گا۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: نور سلیم خان صاحب۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: شکریہ میڈم سپیکر! منسٹر صاحب نے جو بات کہی، مجھے یقین ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ منسٹر صاحب یہ تمام چیزیں کریں گے جو وہ یہاں ذکر کر رہے ہیں، اصل مقصد سوال کرنے کا یہی ہوتا ہے کہ جو حکومت کی ملکیت کی چیزیں ہیں، وہ عوام کے فائدے کیلئے استعمال ہو سکیں، تو جیسا کہ منسٹر صاحب نے کہا کہ Resource Mobilization ہو رہی ہے Actually اور اس میں اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے تو یہ بڑی اچھی بات ہو گی، میں صرف اتنی گزارش کروں گا منسٹر صاحب سے کہ کوئی ایک ٹائم فریم سیٹ کر لیں جس کے اندر یہ چیز مکمل ہو جائے اور مجھے بڑی حیرت ہے، جب میں نے یہ سوال کیا تھا تو محکمے کی طرف سے وہاں لوکل جو آفیسرز ہیں، انہوں نے مجھے بھی فون کیا تھا کہ یہ آپ نے کیا بولا ہے اور کیا چیز ہے اور کہاں پر ہے، ہمیں تو پتہ ہی نہیں؟ پھر میں نے انہیں لوکیشن بھی بتائی اور کہا کہ جا کر آپ، اب معلوم نہیں کہ ابھی بھی وہ وہاں گئے ہیں کہ نہیں گئے؟ کیونکہ جو تین کنال کی زمین میں قبضے میں بتا رہا ہوں، اس کے باوجود انہوں نے اس کو Show نہیں کیا تو امید ہے کہ ٹائم فریم اگر منسٹر صاحب اگر دے دیتے ہیں تو پھر تو ٹھیک ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی اکبر ایوب صاحب!

مشیر مواصلات و تعمیرات: میڈم! ڈیپارٹمنٹ والے سائٹ پر گئے ہیں، مجھے یہ جو پیپرز پر، ہمارے نام پر، ہمیں جو پیپرز دیئے گئے ہیں، وہ پانچ کنال سترہ مرلے ہے لیکن یہ بھی بتایا گیا ہے کہ فرنٹ کے اوپر اس پراپرٹی کو 'انکروچ' کیا گیا ہے، ہم ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کو لکھ رہے ہیں، As soon as ہماری 'انکروچمنٹ' وہاں سے ہٹے گی، قبضہ ہمارے پاس آئے گا، ان شاء اللہ مہینے کے اندر اندر اخبار میں اس کیلئے Expression of Interest اس پراپرٹی کیلئے آپ دیکھیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نور سلیم خان صاحب۔

جناب نور سلیم ملک: ٹھیک ہے میڈم سپیکر! ٹھیک ہے، تھینک یو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، تھینک یو۔ نیکسٹ، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

* 3781 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پونا روڈ حویلیاں لینڈ سلائیڈنگ اور پہاڑ سرکنے سے مکمل طور پر تباہ ہو گیا جس سے 40 سے زیادہ گاؤں کا رابطہ منقطع ہو گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے مذکورہ روڈ کی بحالی کیلئے اب تک کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) یہ درست ہے کہ سجیکوٹ ستوڑہ جبری روڈ بمقام پونا حویلیاں لینڈ سلائیڈنگ اور پہاڑ سرکنے کی وجہ سے تقریباً 1.50 کلومیٹر روڈ مکمل تباہ ہو گیا ہے اور یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سڑک کالا باغ سجیکوٹ ستوڑہ روڈ 54 کلومیٹر روڈز لزلہ بحالی کے تحت PERRA نے کام شروع کیا ہوا تھا۔

PERRA اور NESPAK کے سروے کے بعد مذکورہ سڑک کا ٹینڈر مورخہ 29-07-2016 کو ایوارڈ کر دیا گیا تھا۔

مذکورہ سڑک کا نام دوبارہ تعمیر/بحالی برائے دوبارہ سیدھائی کالا باغ چیڑ سجیکوٹ جبری روڈ لمبائی 2.50 کلومیٹر ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد رکھا گیا ہے جس کا تخمینہ لاگت 64.904 ملین روپے ہے۔ کام کے مکمل کرنے کا دورانیہ ایک سال مختص کیا گیا ہے، متعلقہ ٹھیکیدار نے PERRA اور NESPAK کی ہدایات کے مطابق کام کا آغاز مورخہ 14-09-2016 کو کر دیا ہے، موجودہ وقت میں مذکورہ سڑک پر مٹی اور چٹان کی کٹائی کا کام شروع ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کوسچن نمبر 3781، میڈم یہ جو جواب محکمے نے دیا ہے، اصل میں اس طرح ہے کہ یہ روڈ، غالباً 54 کلومیٹر اس کی لمبائی ہے، ERRA کے تعاون سے یہ بنا تھا اور بہت خوبصورت یہ روڈ بنا تھا لیکن بد قسمتی سے پہاڑ سرکنے کی وجہ سے یہ ڈیڑھ کلومیٹر روڈ جب بہہ گیا تو چالیس گاؤں کا رابطہ کٹ گیا تھا، میں نے اسمبلی میں دو تین دفعہ بات کی، حکومت سے درخواست کی کہ کسی نہ کسی طریقے سے ان لوگوں کا رابطہ سڑک بحال کی جائے تاکہ وہ جیپ ٹریک بھی بن جائے تب بھی ان کا آنے جانے کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس میں میں شکریہ ادا کرتا ہوں پرنٹ میڈیا کا، الیکٹرانک میڈیا کا، موقع کے اوپر تمام لوگ وہاں پر گئے اور بڑا اس مسئلے کو، اس ایشو کو اٹھایا لیکن جناب سپیکر صاحبہ! مجھے بہت افسوس ہے کہ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے وہاں پر جانا بھی گوارا نہیں کیا، اتنی چیخ وپکار کے باوجود اور ابھی تک وہ جوں کا توں روڈ اسی طرح ان لوگوں کا، چالیس دیہات جو ہیں وہ، دوسری طرف غالباً دو تین گھنٹے کی مسافت انہیں طے کر کے اپنے اپنے علاقوں میں آنا پڑتا ہے، بیماروں کو، عموماً لوگوں کی راستے میں ڈیتھ ہو جاتی ہے، اتنا لمبا سفر ہے تو میں نے حکومت سے یہ گزارش کی تھی کہ ابھی NESPAK اور ERRA نے دوبارہ اس کا ٹینڈر کر دیا ہے، بالکل جو انہوں نے جواب دیا ہے، اتنے ہی پیسوں کا ٹینڈر ہوا ہے لیکن ایک سال کی انہوں نے ہمیں میعاد دی ہے کہ ایک سال میں یہ مکمل ہو گا لیکن میڈم! ایک سال میں یہ کچا ٹریک بھی میں نہیں سمجھتا کہ وہ مکمل کر سکیں گے، تو میری یہ گزارش ہے صوبائی حکومت سے کہ آپ مہربانی کریں کسی نہ کسی طریقے سے، دو تین جگہوں پر Connect ہو سکتا ہے وہ روڈ اور بہت کم خرچے میں کچا روڈ، جیپ ٹریک اگر بنایا جائے تو ان لوگوں کا رابطہ آپس میں بحال ہو جائے گا۔ میری یہ گزارش تھی حکومت سے لیکن حکومت نے مجھے جو جواب دیا ہے کہ NESPAK اور ERRA کے تعاون سے اس پر ٹینڈر ہوا ہے،

بالکل یہ بات درست ہے، اتنے پیسوں کا ہی ٹینڈر ہوا ہے لیکن اس پر وقت بہت زیادہ لگے گا تو میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ خصوصی دلچسپی لے کر اگر دوسری طرف سے اس روڈ کو آپس میں Connect کیا جائے تو ان تیس چالیس دیہاتوں کے جو لوگ ہیں، ان کا آپس میں رابطہ بحال ہو جائے گا اور حویلیاں شہر اور ایبٹ آباد آنے کیلئے انہیں آسانی ہوگی تو اس پر اگر وہ کوئی مہربانی کر دیں، کسی طریقے سے اس روڈ کو بحال کرنے کا، کوئی خصوصی فنڈ سے، میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ حکومت کی بہت مجبوری ہے، منسٹر صاحب کی بھی بہت مجبوری ہے اور ہمارے ہند کو میں کہتے ہیں کہ "کھانڑے تو وی درماند ہوئے دے آں اسی"، تے اللہ کرے وسائل توں کوشش کر کے اس کا رابطہ بحال کریں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی اکبر ایوب صاحب۔

مشیر مواصلات و تعمیرات: تھینک یو میڈم سپیکر۔ میڈم سپیکر! سردار صاحب نے جو بات کی ہے، بالکل ٹھیک بات کر رہے ہیں، جب یہ ایک چھوٹی سی لینڈ سلائیڈ نہیں آئی تھی میڈم سپیکر! ایک پورا کا پورا پہاڑ نیچے گر گیا And one and a half is a long distance، پورا ایک ڈیڑھ کلومیٹر کا پہاڑ نیچے آ گیا، انہوں نے اس وقت بھی مجھ سے ریکویسٹ کی تھی اور ہم نے میڈم سپیکر! ایک Estimate بنا کر PDMA کو، Disaster Management, because it was a disaster، ہم نے ان کو Forward بھی کیا تھا کہ ہمیں فنڈز فراہم کئے جائیں لیکن اس میں ہم کامیاب نہیں ہوئے۔ میڈم! یہ جو روڈ ہے، یہ Ongoing ایک ERRA/PERRA کی سکیم ہے جو روڈ بن رہا تھا جس دوران یہ لینڈ سلائیڈ آئی تو پھر ہم نے ان سے ریکویسٹ کی اور ابھی ٹینڈر بھی ہو گیا ہے، سال کا یہ کر رہے ہیں، میں Personally ان سے، میڈم سپیکر! Fund Constraints کی وجہ سے میں کوئی اتنی زیادہ Hope سردار صاحب کو نہیں دلانا چاہتا کیونکہ یہ تھوڑے بہت پیسوں میں سے یہ راستہ نکلنا بھی نہیں ہے لیکن PERRA والوں کے ساتھ میٹنگ کر کے ہم کوشش کرتے ہیں کہ اس کو جلد از جلد سال نہیں تو چھ مہینوں کے اندر اندر کسی طرح روڈ کو بنایا جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اکبر ایوب صاحب! وہ کوئسچن کے اندر یہ کہہ رہے تھے کہ ساری سڑک کی بجائے اس میں کچھ کنکشنز بنائیں کہ جو لوگوں کی تکالیف ہیں، وہ دور ہو جائیں ان سے۔

مشیر مواصلات و تعمیرات: میں یہی کہہ رہا ہوں میڈم سپیکر! کہ جو بھی یہ کہہ رہے ہیں، ہم ERRA/PERRA والوں سے میٹنگ کر کے کوشش ان سے یہ کراتے ہیں، They have the funds, it's an ongoing scheme، یہ وہی روڈ Already ان کے پاس ہے It's not a C&W road, It's an ERRA / PERRA road جس کے اوپر وہ کام کر رہے ہیں۔ ہم ان سے میٹنگ کر کے اور ان شاء اللہ کوئی Mule Track یا جس طرح یہ کہہ رہے ہیں کوئی Mule Track ہو جائے، کوئی پیدل چلنے کا راستہ ہو جائے کیونکہ یہ روڈ یہاں سے پھر نہیں بننا میڈم سپیکر! یہ Totally re-alignment ہے، Two and a half Kilometer اس کی جو بنائی جائے گی اور اس موجودہ جگہ سے روڈ بنانا Possible نہیں ہے میڈم سپیکر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میرا مشورہ ہے کہ منسٹر صاحب اگر وزٹ کر لیتے ادھر تو حق بھی ان کا بنتا تھا کہ اتنا بڑا حادثہ ہوا ہے اور میرا وہ اپنا حلقہ ہے، میں اس سے بہت واقف ہوں، NESPAK اور ERRA کے کام بہت اچھے ہیں، میں یہ نہیں کہتا کہ وہ کوئی اس طرح کی بات کرتے ہیں لیکن وہ اتنا Lengthy process ہے میڈم! کہ ابھی تک ان کا وہ سروے جو ہے، Alignment کا سروے مکمل نہیں ہوا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ منسٹر صاحب کے شاید نوٹس میں ہو یا نہ ہو، دو سال تک وہ Connect آپس میں نہیں کر سکتے ہیں، اسلئے میں ان سے گزارش کرتا ہوں کہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کے Through وہاں پر دو تین جگہیں ایسی ہیں جہاں پر روڈ بنے ہوئے ہیں، اس کو Connect کرنے کیلئے، صرف اس کے اوپر تھوڑا سا خرچہ ہو، بالکل اسے پختہ بھی نہ کیا جائے بلکہ کچا ٹریک جو ہے، تھوڑا سا خرچہ ہو، کروڑ روپیہ بھی وہاں پر نہیں لگتا ہے، کروڑ روپے سے کم خرچ ہوں گے،

یہ مہربانی کرکے اگر یہ دے دیں تو وہ روڈ جو ہے، وہ Connect ہو جائے گا، چالیس دیہات جو بیچارے محروم ہیں حویلیاں، ایبٹ آباد آنے سے، ہری پور آنے سے تو کم از کم ان کا رابطہ بحال ہو جائے گا۔

<u>Madam Speaker:</u> Akbar Ayub Sahib! Is it possible that you along with Nalotha Sahib, I mean, like to go to that area اور وہ کریں

<u>مشیر مواصلات و تعمیرات</u>: جی میڈم! میں یہی کہہ رہا ہوں، میں سردار صاحب کے ساتھ I will visit the site میڈم! بنانے کا مسئلہ نہیں ہے مسئلہ فنڈز کا ہے، We don't have our own funds، مطلب ہمیں PDMA یا گورنمنٹ کوئی فنڈ Provide کرے گی، دس بیس لاکھ کا ہو تو وہ ہم کسی نہ کسی جگہ سے Manage، اپنے فنڈز ایم اینڈ آر میں سے Manage کر سکتے ہیں۔ میں پھر بھی سردار صاحب کے ساتھ I will visit the sight, Madam جا کر دیکھتے ہیں اور اس کا کوئی راستہ نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: نلوٹھا صاحب! ٹھیک ہے؟

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: جناب سپیکر صاحبہ! یہ جو کچھ دیں گے، مجھے پتہ ہے لیکن میڈم سپیکر صاحبہ! ایک انسانی ہمدردی کے تحت مجھے بہت حیرانگی ہوئی ہے جب منسٹر صاحب کہہ رہے تھے کہ صوبائی حکومت کس کی ہے، میری صوبائی حکومت ہے، آپ صوبائی حکومت کے منسٹر ہیں، آپ کے اختیار میں ہے ساری چیز اور چیف منسٹر صاحب بھی میں نہیں سمجھتا کہ کوئی اس معاملے میں رکاوٹ ڈالیں گے، میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ جو لوگ ہیں، چالیس دیہات، رابطہ جن کا کٹا ہوا ہے، ان کو آپ بحال کر دیں، چاہے اس کے اوپر جتنے بھی پیسے لگیں، آپ سی اینڈ ڈبلیو کو ہدایت کریں، ایم اینڈ آر سے کریں، PDMA سے کریں، تو کم از کم وہ رابطہ ہمارا بحال ہو جائے گا۔ دوسرے روڈ کی میں بات نہیں کرتا جس کا جہاں سے وہ نیسپاک والے یا ایرا والے شروع کر رہے ہیں، ٹھیک ہے اس کے اوپر جو ٹائم بھی لگے گا، اپنے ٹائم میں وہ بنائیں گے لیکن کم از کم رابطہ بحال ہو جائے، یہ منسٹر صاحب اتنی مہربانی کر دیں، ٹالنے کی کوشش نہ کریں کہ صوبائی حکومت سے میں بات کروں گا، PDMA سے، PDMA کو چیف منسٹر صاحب نے لیٹر بھی لکھا ہے لیکن انہوں نے اس کے اوپر کوئی توجہ نہیں دی، اب منسٹر صاحب اگر

اس کو بحال کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں، صوبائی حکومت ہے، مشکل تو میرے لئے ہے کہ میں ایم پی اے ہوں، آپ تو ماشاءاللہ حکومت بھی ہیں، منسٹر بھی ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: May be when he goes there، وہ دیکھیں تو وہ جو اس پر اتنا خرچہ نہ آتا ہو، If you go there, Akbar Ayub Sahib.

مشیر مواصلات و تعمیرات: سردار صاحب! میں ٹالنے کی کوشش نہیں کر رہا، میں موقع پر آپ کے ساتھ جاؤں گا، جو ان شاءاللہ ہم سے ہو سکا، جس سے بھی ریکویسٹ کرنی پڑی، صوبائی گورنمنٹ پر بھی جس کو کہنا پڑے گا، میں آپ کے ساتھ جاؤں گا، ان شاءاللہ کوشش کریں گے، وہ ہمارا اپنا علاقہ ہے، ہم کیوں نہیں چاہیں گے کہ وہ ہو جائے؟

Madam Deputy Speaker: Thank you, thank you; I would request the honorable Members to stay till the end because I don't want

کہ کورم Complete نہیں ہے کی آواز آئے۔ Next one۔

اراکین کی رخصت

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ چھٹیوں کی درخواستیں ہیں کچھ: مولانا مفتی فضل غفور صاحب، اعظم درانی صاحب، محمد زاہد درانی صاحب، مسماۃ نسیم حیات بی بی، مسز ملیحہ اصغر خان، یاسمین بی بی، الحاج صالح محمد خان، میاں ضیاءالرحمان، سردار ظہور احمد، زرین گل، ایم پی اے اینڈ فضل حکیم، محمد علی ترکئی، منظور ہیں؟

(تحریک منظور کی گئی)

Madam Deputy Speaker: Thank You. Okay, next

جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ): میڈم سپیکر صاحبہ! پوائنٹ آرڈر پر بات کرنی ہے، پوائنٹ آف آرڈر پر، وہ ایس ایچ او کے بارے میں ۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یس، جعفر شاہ صاحب اور شوکت صاحب کے ہیں لیکن

Let me finish with this, let me finish

معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ: میڈم! میری بات سن لیں، تھوڑا سا وقت دے دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میری یہی ریکویسٹ ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر بھی لے لوں گی، جعفر شاہ صاحب، شوکت صاحب نے ایک بہت Important وہ بھیجا ہے لیکن Let me go with، ایجنڈا ختم کرلوں، آپ کی آئے گی، آپ کی ریزولیوشن آئے گی، ہاں۔ اچھا، کال اٹینشن نمبر 9، نہ 'سوری' یہ آئٹم نمبر 9، پریویلج موشن ہے۔ ہاں، یہ آئٹم نمبر 5، Privilege Motion and rules 53 to 58 are relevant. Okay, Malik Noor Saleem Khan, MPA, to please move his privilege motion No. 105.

تحاریک استحقاق

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ میڈم سپیکر! مورخہ 22 ستمبر 2016 کو میں نے ایس ایچ او غزنی خیل پولیس سٹیشن واحد نور کو کاکا خیل روڈ کی بندش کے حوالے سے فون کیا تو بجائے قانونی کارروائی کرنے کے مجھے فون پر دھمکیاں دیں اور بعد میں ٹیکسٹ میسجز کے ذریعے یہاں تک کہہ دیا کہ آئی جی پی نہیں بلکہ صدر پاکستان کے پاس جائیں، میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ میڈم سپیکر! گزشتہ عید کے بعد میں نے ڈی سی لکی مروت سے رابطہ کیا کہ کچھ بھتہ خور کاکا خیل روڈ پر جو تعمیرات ہو رہی ہیں، ان کو روک رہے ہیں اور کام شروع کرنے کے عوض بھتہ مانگ رہے ہیں، تو انہوں نے ڈی پی او سے بات کرنے کا کہا اور بعد آزاں مجھے اطلاع دی کہ میں نے اے سی وغیرہ کو بھیجا لیکن اس میں پولیس شامل ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ڈی پی او سے بھی بات کی ہے لیکن اس حوالے سے ایس ایچ او واحد نور نے بے حد بدتمیزی سے بات کی اور میسجز کئے جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا مذکورہ استحقاق کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر، میں کچھ تھوڑا سا اس پر بات کرنا چاہوں گا، میں نے کبھی بھی کوشش نہیں کی کہ کسی سرکاری افسر کو غلط کام کیلئے یا کسی بھی افسر کے مخالف بات کروں لیکن یہ بہت ہی حد درجے مجبوری کے بعد مجھے بہت زیادہ Insulting feel ہوا جو ایس ایچ او نے جو حرکت کی، تو یہ کار سرکار میں مداخلت تھی کہ ایک آدمی بھتہ مانگ رہا تھا، کنٹریکٹر سے اور اس کنٹریکٹر نے میرے پاس آکر اپنی بات مجھے سنائی جس کی میں نے ڈی پی او سے بھی بات کی اور ڈی سی سے بھی بات کی لیکن اس آدمی، اس بھتہ خور کو یہ ایس ایچ او سپورٹ کر رہا تھا اور جب میں

نے کل رات کو اس سے اس پر بات کرنی چاہی تو اس نے ڈائریکٹ مجھے کہہ دیا کہ آپ کون ہوتے ہیں بات کرنے والے ؟ تو میں نے کہا کہ اگر میں آپ سے بات نہیں کر سکتا تو میں آئی جی صاحب سے بات کر لوں گا، تو وہ مزید مغلظات بک رہا تھا ٹیلیفون کے دوران، تو میں نے ٹیلیفون بند کر دیا اور اس کی دیدہ دلیری دیکھیئے میڈم! کہ اس نے زبانی تو جو کہا، وہ کہا، اس نے مجھے ٹیکسٹ میسجز کئے اپنے فون سے، جو فون میں میرے پاس درج ہیں اس کے نام سے، اس میں اس نے Clearly لکھا کہ ایم پی اے آپ کون ہوتے ہو، آپ آئی جی تو کیا صدر پاکستان کے پاس بھی چلے جاؤ، میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا ہے۔ اب میں سوال یہ کرتا ہوں۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ ایس ایچ او نے ٹیکسٹ کئے ؟

جناب نور سلیم ملک: جی جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا۔

جناب نور سلیم ملک: میڈم! ایس ایچ او نے ٹیکسٹ کیے اور میں وہ میسجز بھی دکھا سکتا ہوں جو کہ ڈپٹی کمشنر نے مجھے کئے تھے جس میں اس نے Clearly لکھا ہے کہ جو انکوائری کمیٹی انہوں نے مقرر کی تھی، اے سی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کی، انہوں نے رپورٹ دی ہے کہ پولیس اس میں Involve ہے، The Local SHO is involved in that issue and this issue has been raised there with the convenience of this SHO. اب جو روڈ ہے، میں تو اس کی تعمیر چاہتا ہوں، پھر جو وہاں پر لوکل جو گاؤں کے لوگ ہیں، وہ بھی میرے پاس آئے وفد لیکر کہ ایک بدمعاش آدمی ہے جو بھتہ خور ہے اور بھتہ لیتا رہتا ہے اور ایس ایچ او کا خاص آدمی ہے اور یہ کلاشنکوف لیکر گھومتا رہتا ہے، ہم خود بھی تنگ ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے گاؤں میں جو روڈ شروع ہوا ہے، یہ روڈ مکمل ہو، تو میں نے ان کی بھی بات ڈی سی تک پہنچائی، ڈی سی صاحب سے بھی وہ ملے ہیں اور ڈی پی او صاحب سے بھی وہ ملے ہیں، تو میں تو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ابھی تو موجودہ حکومت پولیس کو اور بااختیار بنا رہی ہے، اگر اب یہ حال ہے کہ ایک ایس ایچ او ایم پی اے کو کہتا ہے جو کہ عوامی نمائندہ ہے، اپنے علاقے کو Represent کرتا ہے، گورنمنٹ کا حصہ ہے، اسے یہ کہتا ہے کہ آپ کون ہوتے ہو مجھ سے پوچھنے والے ؟ میرا جو جی میں آئے گا میں کروں گا اور آئی جی کون ہوتا ہے اور آپ صدر پاکستان کو بتائیں تو

میں تو سمجھوں گا میڈم! اس کو فوراً ریفر کیا جائے، تحریک کو اور ایک بات میڈم پہلے کرتا چلوں، میں یہ بھی آن دی فلور کہنا چاہتا ہوں کہ اگر مجھے میری ذات کو، کیونکہ اس نے مجھے دھمکیاں دی ہیں، اگر میری ذات کو کوئی نقصان پہنچا، تو یہ ایس ایچ او اور پولیس ڈیپارٹمنٹ اور میرے مخالفین جو وہاں پر ہیں، وہ ذمہ دار ہوں گے اس کے۔ شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Is it the desire of the House that the privilege motion No.105, okay Inayat Sahib.

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ نور سلیم صاحب جو پریویلج موشن لے آئے ہیں پولیس ایس ایچ او کے حوالے سے، میں سمجھتا ہوں ان کی بات کو میں Negate نہیں کرتا، He is honourable Member of the House اور ان کی عزت ہماری اور اس پورے ایوان کی عزت ہے، He represents his electoral constituency، اس میں مجھے تعداد نہیں معلوم لیکن لاکھوں لوگ ہوں گے جن کی وہ نمائندگی کرتے ہیں اور پورے ملکی مروت کی نمائندگی کرتے ہیں اور جس طرح انہوں نے تفصیل بیان کی ہے، مجھے اس پر بھی کوئی وہ نہیں ہے لیکن There is internal mechanism in the police department, where they sift the complaints. اور جس پر وہ انکوائریز کرتے ہیں اور ان کمپلینٹس کے نتیجے میں پھر اس کی شنوائی ہوتی ہے، تو میں صرف یہی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر ہم درمیان میں آکے، حکومت درمیان میں آکے، اس انٹرنل میکنزم کو تھوڑا Activate کرے اور اس کے ذریعے سے انکوئری ہو اور پھر اس کے بعد اگر مطمئن نہ ہو تو دوبارہ یہ فلور آف دی ہاؤس پر یہ لائیں، ایک ریکویسٹ ان سے کرتا ہوں، اگر اس کو اس چیز پر اعتراض نہیں ہے تو We will proceed with the internal inquiry of the department، ہم اسمبلی کے فلور سے جو پولیس ڈیپارٹمنٹ ہے، باقاعدہ اس کے اندر ایک شعبہ بنا ہے اور جو نیا آرڈیننس آیا ہے، اس آرڈیننس کے اندر It will be discussed on the floor of the House، اس آرڈیننس کے اندر بھی Investigation کیلئے Special انہوں نے پراونشل لیول پر ایک برانچ Establish کی ہوئی ہے اور یہ جو موجودہ پولیس ڈیپارٹمنٹ ہے اور انسپکٹر

جنرل پولیس ہے، یہ بڑے Sensitive ہیں، اس قسم کے معاملات کے حوالے سے، بلکہ اس کے حوالے سے تو مشہور ہے کہ وہ ایک ایس ایم ایس کے تھرو پولیس آفیسرز کو سسپنڈ بھی کرتے ہیں اور خود پولیس کے اندر بھی یہ بات مشہور ہے، تو اسلئے میں ریکویسٹ کرتا ہوں آنریبل ممبر سے کہ وہ اگر اس میکنزم کو Allow کریں کہ وہ Activate ہو اور وہ Formally کسی پولیس والوں کو انکوائری کے حوالے سے کہیں، تو یہ ایک ریکویسٹ ہے، اگر وہ نہیں مانتے تو پھر آگے اس کو ہاؤس کے سامنے Put کریں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، نور سلیم صاحب۔

جناب نور سلیم ملک: شکریہ میڈم سپیکر، منسٹر صاحب نے جو کہا، بہت اچھی باتیں کہیں، میڈم سپیکر! منسٹر صاحب نے شاید اس واقعہ کی جو گہرائی ہے، اس تک وہ نہیں پہنچے، اگر وہ مجھے دھمکیاں دے رہا ہے، آئی جی کو نہیں مان رہا، تو وہ کونسا میکنزم ہے جس کو وہ مانے گا؟ وہ کہتا ہے کہ صدر پاکستان کے پاس چلے جائیں، تو جب بات یہاں تک پہنچ جائے تو میں یہ سمجھوں گا کہ یہ بہتر ہے کہ ہم اس کو پریولج کمیٹی میں بھیج دیں، میکنزم کو اگر وہ مانتا، تو میں نے اس کو یہی بات کہی تھی کہ میں آئی جی کے پاس چلا جاؤں گا تو جواباً اس نے مجھے یہ بات کہی، یہ میرا موبائل ہے، اس میں منسٹر صاحب! آپ چاہیں تو ڈی سی صاحب کے بھی اس میں میسجز موجود ہیں اور اس ایس ایچ او کے میسجز بھی موجود ہیں، میں آپ کو دکھا دوں گا، اگر آپ اس سے مطمئن نہیں ہوتے تو پھر وہ ایک علیٰحدہ بات ہے، بہرحال میری بے عزتی ہوئی ہے اور اگر اس کو اس ایوان کی بے عزتی گنوایا جائے تو اس سے کم نہیں ہے، میں تو بالکل چاہوں گا کہ اس کو پریولج کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان صاحب، شاہ فرمان صاحب کے بعد آپ، ان کے بعد، شاہ فرمان صاحب۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میڈم سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ نور سلیم صاحب کی بات صحیح ہے، ایک آنریبل ممبر کا استحقاق مجروح ہونا، پھر اس واقعہ کے اندر کرپشن کا Element نظر آنا، یہ کافی ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھجوایا جائے لیکن میں کچھ اور وضاحت بھی کرنا چاہتا ہوں اس ہاؤس کو، یہ ہاؤس ہے جو کہ لوگوں کو قانون سازی کے ذریعے اختیارات دیتا ہے اور لیتا ہے، پولیس کو ہم نے Independent کیا وہ Efficiency بڑھانے کیلئے کہ

Political interferenceنہ ہواور اس وقت جو ڈسٹرکٹ سیفٹی کمیشن ہے اور جو ریجنل کمپلینٹ اتھارٹی ہے اور پراونشل سیفٹی کمیشن ہے، وہ بھی وجود میں نہیں آئے ابھی کیونکہ پولیس کے پاس جو Independenceہے، وہ Accountableہے لوگوں کو، تو وہ ادارے بھی ابھی بنے نہیں ہیں لیکن میں یہ بتادوں کہ کسی کے پاس جتنا بھی اختیار ہو، آئین کے ذریعے وہ اختیار یہ اسمبلی دیتی بھی ہے اور لیتی بھی ہے تو اس اسمبلی کا جو سٹیٹس ہے، وہ سب کے ذہنوں میں ہونا چاہیئے اور یہ ایک میسج سب کو جانا چاہیئے کہ چاہے قانونی طور پر کسی کے پاس کتنا بھی اختیار ہو، وہ اللہ کے بعد اس اسمبلی کو جوابدہ ہے، (تالیاں) تو میں سمجھتا ہوں کہ بالکل جانا چاہیئے استحقاق کمیٹی کو۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: عظمیٰ بی بی، تھینک یو شاہ فرمان۔ Uzma Bibi! Your answer is related to this?

<u>Madam Uzma Khan:</u> Yes, Mam.

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Okay.

<u>محترمہ عظمیٰ خان</u>: میں اسی پر کہنا چاہ رہی ہوں کہ میڈم! جب استحقاق اس ایوان کے ایک ممبر کا مجروح ہوا ہے تو وہ استحقاق یہاں دوبارہ بحال بھی اسمبلی کے اندر ہی ہونا چاہیئے۔ میڈم! اسی اسمبلی کے پروسیجر کے تھرو ہی اس کو Accountableکرنا چاہیئے کہ علاقے کا ایک ایس ایچ او ہماری بات نہیں مان رہا، ہم نے جو وہاں پر اپنے اتنے قانون Implementکرائے ہیں اور حلقے کا ایک Elected MPAوہاں اپنے ایک ایس ایچ او کے اس پر کوئی بات نہیں کر سکتا تو میرے خیال سے اس سے بڑی زیادہ ناکامی ہم ممبران کیلئے کوئی اور نہیں ہو سکتی۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: ملک شاہ محمد کو اسلئے فلور دے رہی ہوں کہ وہ آئے تھے چیمبر میں، ان کا بھی اسی سے Related issueہے، تو ملک شاہ محمد صاحب۔

<u>جناب شاہ محمد خان (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ تهینک یو میډم سپیکر۔ میډم سپیکر! څه رنګه چې زمونږ ورور نور سلیم خان ګیله اوکړه، زه خو د حکومت حصه یمه، هغه خو که ګیله اوکړه نو اپوزیشن دے نو زه به چا ته ژاړم، زه به چا ته ګیله کوم؟ زه خپل حکومت ته ګیله کوم نن، دوئ چې څه اووئیل هغې کښې

حقیقت دے ولې چې ما ته خپل مذهب وائی چې رښتیا به وائې، ما ته خپل خان قائد وائی چې رښتیا به وائې، دروغ به نه وائې او زمونږ خپل ضمیر دا راته وائی چې رښتیا، رښتیا خبرې نه به زه چرته کښې انکار اونکړم، که زما سر هم ځی نو رښتیا به وایم۔ پولیس دې ځائې ته رسولے دے که دلته موجود وی او که نه وی، زه د ټولې دنیا په مخکښې دا خبره کوم چې مونږ نن پولیس ته نور اختیار هم ورکوؤ خو پولیس زه پخپله د سیفټی کمیشن ممبر یم، تاسو پاتې شوی یئ، مونږ سره په سیفټی کمیشن کښې، زمونږ په یو دغه باندې هغوی عمل نه دے کړے، دغه چې کوم جوړیږی قانون، دا دروغ دی چې سیفټی کمیشن به جوړ شی بیا به پولیس هغې ته جوابده وی،

